# احباب قرآن کریم کے ساتھ زیادہ سے زیادہ وابستگی پیدا کرنے کی کوشش کریں

(خطبہ جمعہ فرمودہ ۱۴؍ جولائی ۱۹۶۷ء ہیگ ہالینڈ)

☆ عربی زبان سیکھنے کی طرف توجہ کی ضرورت ہے۔
☆ قرآن کریم کے بطن اور دیگر گہرائیوں تک پہنچنے کی کوشش بھی کریں۔

حضور اقدس نے انگریزی زبان میں ایک مختصر مگر ایمان افروز خطبہ ارشاد فرمایا جس کا ملخص یہ ہے کہ احباب قرآن کریم کے ساتھ زیادہ سے زیادہ وابستگی پیدا کرنے کی کوشش کریں اور اس کی برکات حاصل کرنے کیلئے جن وسائل اور طریقۂ کار کی ضرورت ہے اس کو صحیح طور پر بروئے کار لائیں۔ اس ضمن میں حضور نے عربی زبان سیکھنے کی طرف خاص طور پر توجہ دلائی۔ حضور نے فرمایا کہ انسان جب اس محنت اور کوشش کے نتیجہ میں ظاہری طور پر قرآن کریم تک پہنچنے کی قابل ہو جائے گا تو اس کے بعد اس کے لئے بطن قرآن اور اس کی دیگر گہرائیوں تک پہنچنے کی منزل بھی آسان اور قریب تر ہو جائے گی جو کہ اصل مقصود ہے یہ پاک اور اہم مقصد خدا تعالیٰ کے فضل کے بغیر حاصل ہونا ممکن نہیں۔ مگر اس کے فضلوں کو جذب کرنے کیلئے خلوصِ نیت کے ساتھ عملاً سچی محنت کی ضرورت بھی ہے جس کی طرف توجہ دینا ہمارا اوّلین فرض ہے۔

(الفضل ربوہ مؤرخہ ۱۳؍ اگست ۱۹۶۷ء صفحہ ۳)